Sadiq

28-03-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب.........................یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

2 بھارت اور چین کے درمیان سرحدی اُمور کے بارے میں مشاورت اور تال میل سے متعلق عملی طریقۂ کار کی 29 ویں میٹنگ بیجنگ میں ہوئی ہے۔

3 یوکرین کے وزیر خارجہ Dmytro Kuleba بھارت کے دو دِن کے دورے پر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔

4 یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے سبھی یونیورسٹیوں سے کہا ہے کہ وہ PHD کیلئے داخلہ امتحانات کرانے کے بجائے NET Score کا استعمال کریں۔

5 اور IPL کرکٹ میں: آج شام جے پور میں راجستھان رائلس کا مقابلہ Delhi Capitals سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

2nd Phase Notification

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری ہوگیا ہے۔ اِس مرحلے میں 26 اپریل کو 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں لوک سبھا کی 88 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ دوسرے مرحلے میں کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک میں 14، راجستھان میں 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں 8 - 8، مدھیہ پردیش میں 7، آسام اور بہار میں 5 - 5، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں 3 - 3 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ اِس کے علاوہ منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر میں ایک-ایک چناؤ حلقے میں بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔کاغذات نامزدگی 4 اپریل تک داخل کئے جاسکیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال جموں وکشمیر کو چھوڑ کر اِن سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں 5 اپریل کوکی جائے گی، جبکہ جموں وکشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال 6 اپریل کو ہوگی۔×

Army Commander Conference

آرمی کمانڈرس کانفرنس 2024 نئی دلّی میں Hybrid mode میں شروع ہوگئی ہے۔ یہ کانفرنس بھارتی فوج کی اعلیٰ قیادت کیلئے ایک ایسا اہم فورم فراہم کرتی ہے جہاں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا جاتا ہے اور دوسرے اہم امور پر غور کیا جاتا ہے۔ کانفرنس کے دوران وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ اگلے مہینے کی 2 تاریخ کو خطاب کریں گے اور اعلیٰ فوجی رہنماؤں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

کانفرنس کے پہلے دِن فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے اپنے کمان ہیڈکوارٹرز سے ورچوئل وسیلے سے شرکت کرنے والے فوجی کمانڈروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ پہلی اپریل کو فوج کی اعلیٰ قیادت، بہت سے اہم امور پر تبادلہ خیال کرے گی۔

جس کا مقصد فوج کی کارکردگی، جدت طرازی کی اہمیت اور تربیتی اور ترقیاتی پروگراموں میں اضافہ کرنا ہے تاکہ مستقبل کے چیلنجوں سے نمٹنے کی تیاری کو یقینی بنایا جاسکے۔ کانفرنس کے دوران فوجی عملے کے افراد اور اُن کے کنبوں کی فلاح وبہبود سے متعلق معاملات پر بھی غور کیا جائے گا۔ اس کے بعد Army Group Insurance کی سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی کمیٹی کی ایک میٹنگ ہوگی جس کی صدارت فوج کے سربراہ کریں گے۔ کمیٹی، فوجیوں اور ریٹائرڈ فوجیوں اور اُن کے کنبوں کی مالی سلامتی کیلئے مختلف فلاحی اقدامات اور

اسکیموں پر غور کرے گی۔ کانفرنس کے آخری دِن دو اپریل کو دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ہری کمار اور فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اِس میں محکمۂ دفاع کے سکریٹری گریدھر اَرمنے اور دفاع کی وزارت کے کئی دیگر اہلکار بھی شرکت کریں گے۔x

CENTRE MGNAREGA

مرکز نے 2024-25 کیلئے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ، MGNREGA میں اجرتوں پر نظرثانی سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ ہریانہ میں غیرہنریافتہ ورکروں کیلئے یومیہ اجرت 374 روپے، گوا میں 356 روپے، کرناٹک میں 349 روپے، کیرالہ میں 346 روپے اور پنجاب میں 322 روپے ہوگی۔ دیہی ترقی کی وزارت نے کہا ہے کہ اس نوٹیفکیشن پر عمل آوری اِس سال پہلی اپریل سے ہوگی۔ MGNREGA کی اجرتوں پر آخری بار نظرثانی، گزشتہ برس مارچ میں کی گئی تھی۔ X

AFSPA - MHA

مرکز نے ناگالینڈ کے 8 ضلعوں اور اروناچل پردیش کے تین ضلعوں میں مسلح افواج کے خصوصی اختیارات سے متعلق ایکٹ AFSPA کو اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے توسیع دے دی ہے۔ اِس کے علاوہ ریاست کے پانچ دیگر ضلعوں میں 21 تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں اور اروناچل پردیش کے ایک اور ضلع کے تین تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں بھی اس کی توسیع کی گئی ہے۔ناگالینڈ اور اروناچل پردیش کے بعض ضلعوں اور پولیس تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں گزشتہ کئی سال سے AFSPA نافذ ہے اور اِس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہے۔ ایک نوٹیفکیشن میں مرکزی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ ناگالینڈ اور اروناچل پردیش میں نظم ونسق کی صورتحال کا مزید جائزہ لیا گیا۔ لہذا ناگالینڈ میں دیماپور، Chumoukedima, Mon, Kiphire, ، Niuland Noklak, Phek اور Peren ضلعوں اور چھ تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں، Mokokchung اور Zunheboto ضلعوں میں ایک۔ ایک، کوہیما میں چار، Wokha میں تین اور Longlegeng میں ایک کو پہلی اپریل سے چھ مہینے کیلئے گڑبڑزدہ علاقہ قرار دے دیا گیا ہے۔ اُدھر اروناچل پردیش میں Tirap, Changlang اور Longding ضلعوں اور آسام کی سرحد سے متصل Namsai ضلع میں Mahadevpur،Namsai, اور Chowkham تھانے کے تحت آنے والے علاقوں کو بھی گڑبڑ زدہ علاقہ قرار دے دیا گیا ہے۔ X

India-China-WMCC Meet

بھارت اور چین نے، دونوں ملکوں کے مغربی سیکٹر کے سرحدی علاقوں میں حقیقی کنٹرول لائن LAC کے ساتھ مکمل طور پر فوج کو پیچھے ہٹانے اور بقیہ مسائل کو حل کرنے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے آج کہا کہ بھارت-چین کے سرحدی امور سے متعلق مشاورت اور تال میل کیلئے ورکنگ میکانزم کی 29ویں میٹنگ کَل بیجنگ میں منعقد ہوئی۔ اُس نے کہا کہ میٹنگ کے دوران طرفین نے LAC پر فوج کو پیچھے ہٹانے پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا اور سفارتی اور فوجی ذرائع سے مسلسل رابطہ قائم رکھنے پر اتفاق کیا۔x

Ukraine FM Visit

یوکرین کے وزیر خارجہ Dmytro Kuleba وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی دعوت پر بھارت کے دو روزہ سرکاری دورے پر آج صبح نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران جناب Kuleba خارجی امور کے وزیر اور قومی سلامتی کے نائب مشیر کے ساتھ سرکاری میٹنگوں سمیت مختلف پروگراموں میں شامل ہوں گے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں وزراء آپسی مفاد کے علاقائی اور عالمی امور کے تعلق سے باہمی شراکت داری اور تعاون کے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔x

UGC-Ph.D Notification

سبھی یونیورسٹیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تعلیمی سال 2024-2025 کیلئے Ph.D میں داخلے کیلئے داخلہ ٹسٹ منعقد کرنے کے بجائے NET اسکور کا استعمال کریں۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے چیئرمین ایم جگدیش کمار نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ تعلیمی سال 2024-2025 سے تمام یونیورسٹیاں Ph.D پروگرام میں داخلے کیلئے مختلف یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ذریعے منعقد کئے جانے والے داخلہ ٹسٹ کی جگہ NET اسکور کا استعمال کرسکتی ہیں۔x

NTA Jee Mains

امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی NTA ایسے امیدواروں کے لیے جو اس سال JEE مینز امتحان کے دوسرے مرحلے میں شرکت کررہے ہیں، انہیں امتحان کے شہر سے متعلق مرکز کے بارے میں پیشگی اطلاعاتی سلپ جاری کرے گی۔ شہر کے داخلہ امتحان JEE مینز کا دوسرا مرحلہ چار اپریل سے 12 اپریل تک منعقد کرایا جائے گا۔ یہ امتحانات ملک بھر میں 319 شہروں میں واقع مختلف مراکز پر کرائے جائیں گے، جن میں بیرون ملک کے 20 مراکز بھی شامل ہیں۔ یہ امتحانات دو شفٹ میں منعقد کرائے جائیں گے۔ پہلی شفت صبح 9بجے سے دوپہر بارہ بجے تک ہوگی، جبکہ دوسری شفت سہ پہر تین بجے سے شام چھ بجے تک ہوگی۔ البتہ 12 اپریل کو ہونے والا امتحان صرف صبح کی شفٹ میں منعقد کرایا جائے گا۔ امیدوار درخواست نمبر اور اپنی تاریخ پیدائش کا استعمال کر کے NTA کی ویب سائٹ کے ذریعے امتحان سے متعلق شہر کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں اور اُسے ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں۔ ایجنسی نے ایک بیان میں اس بات پر بھی غور کیا ہے کہ شہر کے بارے میں جاری کی جانے والی یہ پیشگی اطلاعاتی امتحان سلپ کا استعمال امیدوار داخلہ کارڈ کے طور پر نہیں کرسکتے ہیں۔ اس نے کہا کہ شہر کے بارے میں جانکاری سے متعلق یہ پیشگی اطلاعاتی سلپ ہے، جس سے امتحان مرکز کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔x

Russia Toll

روسی عہدیداران نے کہا ہے کہ ماسکو میں پچھلے ہفتے کنسرٹ ہال میں ہوئے حملے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 143 ہوگئی ہے۔بندق برداروں کی جانب سے حملے میں زخمی ہوئے تقریباً 80 دیگر افراد اب بھی اسپتال میں ہیں۔ جمعہ کی رات کو Crocus City Hall میں ہوا قتل عام تقریباً دو دہائیوں میں روس میں انتہا پسندوں کی جانب سے سب سے خطرناک حملہ تھا۔ اِس میں آٹومیٹک رائفلوں سے لیس چاربندوق برداروں نے کنسرٹ ہال میں موجود ہزاروں لوگوں پر فائرنگ کی تھی اور اُس جگہ کو آگ کے حوالے کردیا تھا۔اسلامک اسٹیٹ سے وابستہ ایک گروپ نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ x

IPL Result

IPL کرکٹ میں جے پور کے سوائے مانسنگھ اسٹیڈیم میں آج راجستھان رائلس کا مقابلہ Delhi Capitals سے ہوگا۔ یہ میچ ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔کل رات حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے بڑے اسکور کے ایک میچ میں ممبئی انڈینس کو 31 رن سے شکست دی۔پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اووروں میں تین وکٹ کے نقصان پر 277 رن کا ایک بڑا اسکور بناکر تاریخ رقم کی۔ حیدرآباد کیلئےHeinrich Klaasen نے محض 34 گیندوں میں 80 رن بنائے۔278 رن کا جیت کا بڑا نشانہ حاصل کرتے ہوئے ممبئی انڈینس 20 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 246 رن پر ہی سمٹ گئی۔ Klaasen کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا۔x

Miami Open Tennis - Semi Fina

بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Mathew Ebden کی جوڑی آج Miami اوپن ٹینس میں ڈبلز کے سیمی فائنل میں کھیلے گی۔ اُن کا مقابلہ اسپین کے Marcel Granollers اور ارجنٹینا کے Horacio Zeballos کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 10 بجے شروع ہوگا۔x